**PRINCIPLES OF ACCOUNTING** — 12th کلاس ، II - انٹرمیڈیٹ پارٹ (1st A 423 - I) — **پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ**

**(COMMERCE GROUP)** **Paper: II** — پرچہ : II — (کامرس گروپ)

**Time: 30 Minutes** — **OBJECTIVE** ...... معروضی — وقت: 30 منٹ

**Marks: 20** — **Code: 8701** — مارکس: 20

**نوٹ:** ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**1. 1 -** Single entry system is — اکہرا اندراجی نظام ہے

(A) جدید modern (B) پُرانا old (C) اچھا good (D) ان میں سے کوئی نہیں none of these

**2 -** In single entry system if the closing capital is less than opening capital it is — اکہرے نظام حساب نویسی کے تحت اگر آخر کا سرمایہ شروع کے سرمائے سے کم ہو تو یہ ظاہر کرتا ہے

(A) نقصان loss (B) نفع profit (C) صفر zero (D) برداشتگی drawing

**3 -** Due to fresh capital introduced during the year, the closing capital will, — مالی سال کے دوران تازہ سرمایہ لگانے کی وجہ سے آخری سرمایہ ہوگا

(A) مستقل constant (B) ضرب multiply (C) بڑھے گا increase (D) کم ہوگا decrease

**4 -** The main source of income of non-trading concerns is — غیر تجارتی اداروں کا بڑا ذریعہ آمدنی ہے

(A) چندہ subscription (B) عطیہ donation (C) فروخت sale (D) سرمایہ کاری پر نفع profit on investment

**5 -** Sale of old newspapers is — پرانے اخبارات کی فروخت ہوتی ہے

(A) واجبات liability (B) خرچہ expense (C) اثاثہ asset (D) آمدن income

**6 -** The basic book of original entry in non-profit making organization is — غیر تجارتی ادارے کی اندراج کی بنیادی کتاب ہے

(A) خرید بک purchase book (B) فروخت کھاتہ sales book (C) کیش بک cash book (D) ان میں سے کوئی نہیں none of these

**7 -** Depreciation of assets is due to — کسی اثاثے کی فرسودگی کی وجہ ہوتی ہے

(A) اشیاء کی قدر میں کمی decrease of value of goods (B) اثاثہ جات کی ٹوٹ پھوٹ wear and tear of fixed assets (C) قیمتوں میں اتار چڑھاؤ price fluctuation (D) اثاثہ جات میں اضافہ increase of fixed assets

**8 -** Original cost method is also called — اصل قیمت کے طریقہ کا دوسرا نام ہے

(A) مساوی اقساط straight line (B) کم ہوتا ہوا reducing (C) کمی پذیر diminishing (D) سالانہ ہندسوں کو جمع کرنے کا annual digits element

**9 -** Under diminishing balance method depreciation is calculated on — کمی پذیر بقایا کے طریقہ میں فرسودگی کی رقم معلوم کی جاتی ہے

(A) اصل قیمت پر original value (B) کم ہوتی ہوئی قیمت پر written down value (C) کباڑ قیمت پر scrap value (D) بازار کی قیمت پر market value

**10 -** Consigner is a — مرسل ہے

(A) نمائندہ agent (B) فروخت کار seller (C) خریدار purchaser (D) مالک principal

**11 -** In consignment, persons involved are — کنسائنمنٹ میں فریق ہوتے ہیں

(A) 2 (B) 4 (C) 6 (D) 8

**12 -** Consignee's account is — کنسائنی کھاتہ ہوتا ہے

(A) غیر شخصی impersonal (B) حقیقی real (C) غیر حقیقی unreal (D) شخصی personal

(ورق اُلٹیے)

www.eduvision.edu.pk

Goj-12-23

13 - The minimum number of partners in a partnership business is — شراکتی کاروبار میں کم ازکم ممبران کی تعداد ہوتی ہے - 13

(A) 2 (B) 3 (C) 4 (D) 5

14 - The persons contributing for partnership are collectively called — مجموعی طور پر شراکت دار کہلاتے ہیں - 14

(A) shareholders حصہ دار (B) partners شرکاء (C) firm فرم (D) representatives نمائندے

15 - In absence of agreement, profit and loss are divided by partners in the ratio of — معاہدہ کی عدم موجودگی کی صورت میں شرکاء نفع و نقصان آپس میں تقسیم کرتے ہیں - 15

(A) capital ratio سرمایہ کے تناسب سے (B) time devoted صرف شدہ وقت کے تناسب سے (C) equally برابر (D) sacrificing ratio شرح ایثار سے

16 - Goodwill of a business is in assets — کاروباری ساکھ جن اثاثوں میں ہے - 16

(A) tangible assets مرئی اثاثہ جات (B) intangible assets غیرمرئی اثاثہ جات (C) fixed assets مستقل اثاثہ جات (D) miscellaneous assets متفرق اثاثہ جات

17 - Artificial person created by law is a — قانون کا بنایا ہوا مصنوعی شخص کہلاتا ہے - 17

(A) combination جوڑا (B) company کمپنی (C) partner حصہ دار (D) partnership شراکت

18 - Shareholders of the company are — کمپنی کے حصص رکھنے والے ہوتے ہیں - 18

(A) partners شرکاء (B) deborts مقروض (C) investors سرمایہ کار (D) creditors قرض خواہاں

19 - The shares of the public company are freely sold and purchased at — پبلک کمپنی کے حصص کی آزادانہ خرید و فروخت ہوتی ہے - 19

(A) stock exchange سٹاک ایکسچینج (B) state bank سٹیٹ بنک (C) commercial bank کمرشل بنک (D) national assembly قومی اسمبلی

20 - Public limited company's shares are — پبلک کمپنی لمیٹڈ کے حصص ہوتے ہیں - 20

(A) non-transferable ناقابلِ انتقال (B) transferable قابلِ انتقال (C) unchangeable ناقابلِ تبدیل (D) none of these ان میں سے کوئی نہیں



www.eduvision.edu.pk

PRINCIPLES OF ACCOUNTING 12th کلاس، II - انٹرمیڈیٹ پارٹ (1st A 423) پرنسپلز آف اکاؤنٹنگ

(COMMERCE GROUP) Paper: II پرچہ : II (کامرس گروپ)

Time: 2:30 Hours SUBJECTIVE ...... انشائی وقت: 2:30 گھنٹے

Marks: 80 Guj-12-23 مارکس: 80

Note: Section I is compulsory. Attempt any THREE (3) questions from Section II.

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ حصہ دوم میں سے کوئی سے تین (3) سوالات کے جوابات لکھیے۔

## Section - I حصہ اوّل

**2 - Write short answers to any FIVE (5) questions. (2x5=10)** 2 - کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

i - What is drawings? i - برداشتگی کسے کہتے ہیں؟

ii - What is the difference between statement of affairs and balance sheet? ii - معاملات کے گوشوارہ اور بیلنس شیٹ میں کیا فرق ہے؟

iii - What is meant by restricted fund? iii - پابندہ فنڈ سے کیا مراد ہے؟

iv - How would you explain the term "legacy"? iv - آپ "ترکہ" کو کیسے بیان کریں گے؟

v - Who are the promoters? v - پروموٹرز کون ہوتے ہیں؟

vi - What is meant by unlimited company? vi - غیرمحدود ذمہ داری کی کمپنی سے کیا مراد ہے؟

vii - What is certificate of incorporation? vii - کمپنی کا صداقت نامہ تشکیل کیا ہوتا ہے؟

viii - Describe the difference between naked debentures and mortgaged debentures. viii - عریاں تمسکات اور رہن تمسکات میں فرق بیان کیجیے۔

**3 - Write short answers to any FIVE (5) questions. (2x5=10)** 3 - کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے۔

i - Define intangible assets. i - غیرمرئی اثاثہ جات کی تعریف کیجیے۔

ii - Differentiate between depreciation of tangible assets and amortization of intangible assets. ii - مرئی مستقل اثاثہ جات اور غیرمرئی مستقل اثاثہ جات کی فرسودگی کے درمیان فرق بیان کیجیے۔

iii - What is meant by direct expenses? iii - براہ راست اخراجات سے کیا مراد ہے؟

iv - What is meant by inward consignment. iv - اندرونی کنسائنمنٹ سے کیا مراد ہے؟

v - What is meant by an account sale? v - اکاؤنٹ سیل سے کیا مراد ہے؟

vi - Who is called minor partner? vi - نابالغ حصہ دار کون ہوتا ہے؟

vii - Write down two main characteristics of partnership business. vii - شراکتی کاروبار کی دو اہم خصوصیات بیان کیجیے۔

viii - What is meant by fixed capital in partnership? viii - شراکت میں مستقل سرمایہ جات سے کیا مراد ہے؟

## Section - II حصہ دوم

4 - Mr. Abdullah maintains his books on single entry system. His position is as following **(20)**

4 - مسٹر عبداللہ اپنے حسابات اکہرے نظام کے تحت رکھتا ہے اس کی پوزیشن حسب ذیل ہے۔

| Particulars | Jan 01, 2020 | Dec 31, 2020 |
|---|---|---|
| Cash at bank | 14000 | 16000 |
| Stock | 3000 | 4000 |
| Debtors | 3500 | 4500 |
| Creditor | 9250 | 7750 |
| Furniture | 10000 | 10000 |
| Buildings | 15000 | 15000 |

| کوائف | یکم جنوری 2020ء | 31 دسمبر 2020ء |
|---|---|---|
| بینک میں نقد | 14000 | 16000 |
| مال/ذخیرہ | 3000 | 4000 |
| دین دار | 3500 | 4500 |
| لین دار | 9250 | 7750 |
| فرنیچر | 10000 | 10000 |
| عمارت | 15000 | 15000 |

بقیہ صفحہ نمبر - 2 - پر جاری ہے ---

www.eduvision.edu.pk

Mr. Abdullah invested Rs 20,000/- and withdrew Rs 2,000/-. Write off depreciation on building at 5% p.a.

مسٹر عبداللہ نے -/20,000 روپے کی سرمایہ کاری کی اور -/2,000 روپے نکال لئے۔ عمارت پر 5% سالانہ کے حساب سے فرسودگی معلوم کیجئے۔

Guj-12-23

**Required:**

Prepare opening and closing statement of affairs and also prepare statement of profit & loss.

**مطلوب :**

درج بالا معلومات سے ابتدائی اور اختتامی گوشوارہ معاملات اور نفع و نقصان کا گوشوارہ تیار کیجئے۔

5 - From the following Receipt and Payment account of Pak club, for the year ended on 31st December 2015. **(20)**

5 - ذیل میں پاک کلب کا وصولی اور ادائیگی کا کھاتہ برائے سال اختتامی 31 دسمبر 2015 دیا گیا ہے۔

| Receipts ...... وصولیاں | | |
|---|---|---|
| Balance | Rs 2,480/- | ابتدائی میزان |
| Subscription | Rs 3,260/- | چندہ |
| Life Membership fee | Rs 500/- | تاحیات رکنیت فیس |
| Interest | Rs 360/- | سود |
| Admission Fee | Rs 480/- | داخلہ فیس |
| Misc. Receipts | Rs 10,000/- | متفرق وصولیاں |
| Locker's Rent | Rs 10,100/- | لاکر کا کرایہ |
| **Total** | **Rs 27,180/-** | |

| Payments ...... ادائیگیاں | | |
|---|---|---|
| Salaries | Rs 1100/- | تنخواہیں |
| Rent | Rs 1000/- | کرایہ |
| Misc Expenses | Rs 1100/- | متفرق اخراجات |
| Furniture | Rs 1600/- | فرنیچر |
| Stationery | Rs 250/- | سٹیشنری |
| Repair | Rs 300/- | مرمت |
| Balance | Rs 21,830/- | اختتامی میزان |
| **Total** | **Rs 27,180/-** | |

**Additional Information:**

Subscription outstanding at the end of the year Rs 1000/-

**اضافی معلومات :**

سال کے اختتام پر چندہ واجب الوصول -/1000 روپے

**Required:**

Prepare Income and Expenditure account.

**مطلوب :**

آمدنی اور اخراجات کا کھاتہ تیار کیجئے۔

6 - Ali of Lahore consigned goods to Aslam of Karachi of the value of Rs 30,000. He paid Rs 2,500 for carriage and Rs 1,000 for insurance. He received account sales from Aslam showing that one half (1/2) of the goods were sold for Rs 22,500. Aslam paid Rs 5,000 as godown rent and he is entitled to a commission of 10% on sales. **(20)**

6 - لاہور کے علی نے مال مرسلہ کے تحت کراچی کے اسلم کو مبلغ 30,000 روپے کی اشیاء بھیجیں۔ اس نے 2,500 روپے کرایہ اور 1,000 روپے بیمہ کے ادا کیے۔ اس نے حساب فروخت اسلم سے وصول کی جو یہ ظاہر کرتی ہے کہ 1/2 اشیاء مبلغ 22,500 روپے میں فروخت ہوئیں۔ اسلم نے 5,000 روپے گودام کا کرایہ ادا کیا اور وہ فروخت پر 10% کمیشن کا حقدار ہے۔

**Required:**

Pass journal entries and prepare consignment and consignee account in the books of consignor.

**مطلوب :**

مرسل کی کتابوں میں جرنل انٹریاں، مالِ مرسل اور مرسل الیہ کا کھاتہ تیار کیجئے۔

7 - Imran & co. Ltd. was formed with an authorized capital of Rs 20,00,000 divided into 2,00,000 shares of Rs 10 each. The company issued 1,00,000 shares to general public for subscription at par value on 1st July 2018. Subscription date was fixed on 15th July. Applications for 1,15,000 shares were received. Shares were alloted on 31st July 2018 and excess applications amount was refuneded. **(20)**

7 - عمران اینڈ کمپنی لمیٹڈ کا منظور شدہ سرمایہ 20,00,000 روپے جو کہ 10 روپے فی حصص کے حساب سے 2,00,000 حصص پر مشتمل ہے۔ یکم جولائی 2018ء کو کمپنی نے عام عوام کو 1,00,000 حصص جاری کیے۔ 15، جولائی حصص کی ادائیگی کی تاریخ مقرر ہوئی۔ 1,15,000 حصص کیلئے درخواستیں موصول ہوئیں، 31 جولائی 2018ء کو حصص جاری کر دیے گئے اور اضافی درخواستوں کی رقم واپس کر دی گئی۔

**Required:**

Pass Journal entries and balance sheet.

**مطلوب :**

جرنل میں اندراج کریں اور توازن چٹھہ بنائیں۔

بقیہ صفحہ نمبر - 3 - پر جاری ہے - - -

www.eduvision.edu.pk

Guj-12-23

8 - Mr. Armaghan purchased a machinery for Rs 90,000 on 1st Jan. 2015. He spent Rs 10,000 on its repair. Depreciation is charged at 10% p.a. under straight line method. **(20)**

**Required:**

Prepare machinery account for five years assume that accounts are closed on 31 december.

8 - مسٹر ارمغان نے یکم جنوری 2015ء کو مبلغ 90,000 روپے کی مشینری خریدی اور اس نے مبلغ 10,000 روپے مرمت پر خرچ کیئے۔ فرسودگی کا ریٹ 10% مستقل اقساط کے تحت چارج کیا۔

**مطلوب :**

مشینری کا اکاونٹ پانچ سال کا تیار کیجئے۔ یہ فرض کرتے ہوئے کہ سال 31 دسمبر کو اختتام پذیر ہوگا۔

9 - Rizwan and Irfan formed a partnership on 1st January, 2019. They agreed that out of profits: **(20)**

i) Rizwan should receive salary of Rs 500 per month.

ii) Interest on capitals should be allowed at 6 percent per annum.

iii) Remaining profits be divided equally.

Rizwan and Irfan introduced capitals Rs 50.000 and 1,00,000 respectively on 1st January, 2019. During the year Rizwan withdrew Rs 15,000 and Irfan withdrew Rs 20,000. Profit before charging Rizwan salary and interest on capitals was Rs 50,000.

**Required:**

Prepare profit and loss appropriation account and the capital accounts of the partners.

9 - رضوان اور عرفان نے یکم جنوری 2019ء کو شراکتی کاروبار تشکیل دیا۔ وہ اس بات پر متفق ہوئے کہ منافع میں سے:

i) رضوان کو ہر ماہ 500 روپے تنخواہ ملے گی

ii) حصہ داروں کے سرمائے پر 6 فیصد سالانہ کے حساب سے سود دیا جائے گا۔

iii) باقی ماندہ منافع حصہ داروں میں برابر تقسیم کیا جائے گا

رضوان اور عرفان نے یکم جنوری 2019ء کو بالترتیب 50,000 روپے اور 1,00,000 روپے بطور سرمایہ متعارف کرایا۔ سال 2019ء کے دوران رضوان نے کاروبار سے 15,000 روپے اور عرفان نے 20,000 روپے ذاتی استعمال کے لئے نکالے۔ تنخواہ اور سرمائے پر سود کی ادائیگی سے پہلے منافع 50,000 روپے تھا۔

**مطلوب :**

نفع و نقصان تخصیص کھاتہ اور حصہ داروں کے سرمائے کے کھاتے بنائیں۔

343-1stA 423-15000

www.eduvision.edu.pk